# بیٹی کا نام Daneen دانِین رکھنا کیسا؟

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3390

**تاریخ اجراء:** 13 جمادی الاخریٰ 1446ھ/16 دسمبر 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا بیٹی کا نام Daneen دانِین رکھ سکتے ہیں؟ اس کا معنی کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

دانِین، دانٍ کی جمع ہے، اور دانٍ کا معنی ہے: "قریب ہونے والا مرد" تو دانین کا معنی بنے گا: "قریب ہونے والے کئی مرد۔" دانٍ کی مؤنث دانیۃٌ ہے، جس کا معنی ہے: "قریب ہونے والی عورت۔" لہٰذا اگر اسی لفظ سے بچی کا نام رکھنا ہے تو دانین نہیں بلکہ دانیہ رکھنا چاہیے۔

البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچیوں کے نام اُمّہاتُ المؤمنین یا دیگر صحابیات رضی اللہ عنھن یا دیگر نیک خواتین رحمۃ اللہ علیھن کے نام پر رکھا جائے کہ حدیثِ پاک میں اچھے لوگوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے، تو اس طرح اس حدیث پر عمل ہو گا، نیز امید ہے کہ اچھے نام اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی اولاد کے شاملِ حال ہو گی۔

القاموس الوحید میں ہے: ”دنا منہ و الیہ ولہ دُنوًّا و دناوۃ: نزدیک ہونا، قریب آنا۔ ھو دانٍ۔۔۔ الدانی: نزدیک، لٹکا ہوا، نیچے کو جھکا ہوا۔ الدانیۃ: تانیث“ (القاموس الوحید، ص574، مطبوعہ ادارہ اسلامیات، کراچی)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: ”تسموا بخیارکم“ ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”بچہ کا اچھا نام رکھا جائے۔ ہندوستان میں بہت لوگوں کے ایسے نام ہیں، جن کے کچھ معنی نہیں یا اون کے برے معنی ہیں، ایسے ناموں سے احتراز کریں۔ انبیائے

کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اسمائے طیبہ اور صحابہ و تابعین و بزرگانِ دین کے نام پر نام رکھنا بہتر ہے، امید ہے کہ اون کی برکت بچہ کے شاملِ حال ہو۔" (بہار شریعت، جلد3، حصہ15، صفحہ356، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

**نوٹ: ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لیے دعوتِ اسلامی کے مکتبۃ المدینہ کی کتاب "نام رکھنے کے احکام" پڑھیں۔ اس میں بچوں اور بچیوں کے بہت سے اسلامی نام بھی لکھے ہوئے ہیں، وہاں سے دیکھ کر کوئی سا بھی اچھا نام رکھا جاسکتا ہے۔ نیچے دیے گئے لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔**

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم